**IESCO PRESS RELEASE** **آئیسکو پریس ریلیز**

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## سالانہ سسٹم مینٹیننس پروگرام کے تحت جاری مرمتی کام جلد از جلد مکمل کیا جائے

## اسلام آباد سرکل سے محلقہ علاقوں میں 11 کے وی فیڈرز پر بیشتر ورکس مکمل ہو چکے ہیں

## چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

اسلام آباد: 17 دسمبر 2025

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) ریجن میں سالانہ سسٹم مینٹیننس پروگرام کے تحت الیون کے وی فیڈرز، 132 کے وی گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر مینٹیننس اور مرمتی کام جاری ہے جس کے باعث متعلقہ فیڈرز پر محدود دورانیے کے شٹ ڈاؤن لیے جا رہے ہیں جس کی پیشگی اطلاع معزز صارفین کو پرنٹ، الیکٹرونک اور سوشل میڈیا پر دی جاتی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے بجلی بندش کے باعث معزز صارفین کو درپیش مسائل کا نوٹس لیتے ہوئے تمام آپریشن، کنسٹریکشن اور جی ایس او ڈائریکٹوریٹس کو ہدایات دیں کہ سسٹم مینٹیننس ورکس کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور جاری شٹ ڈاؤن کو ری شیڈول کر کے معزز صارفین کو مزید ریلیف فراہم کیا جائے۔ آئیسکو چیف کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد سرکل سے محلقہ علاقوں جس میں اسلام آباد کے مختلف سیکٹرز، بہارہ کہو، مری نتھیا گلی اور دیگر سیاحتی مقامات شامل ہیں کے پیشتر مینٹیننس ورکس مکمل کر لئے گئے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ماہ دسمبر کے اختتام تک اسلام آباد سرکل اور محلقہ علاقوں کے الیون کے وی فیڈرز کے شٹ ڈاؤن ختم کر دیے جائیں گے جب کے کنسٹریکشن اور جی ایس او کے شٹ ڈاؤن شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے۔ انہوں نے دیگر آپریشن سرکلز انچارجز کو بھی سالانہ سسٹم مینٹیننس کے تحت جاری ورکس کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دی۔ ری شیڈول شٹ ڈاؤن آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے مزید آئیسکو کے سوشل میڈیا کاؤنٹس پر بھی شٹ ڈاؤن پیشگی اپ لوڈ کر دیا جاتا ہے۔